محترمہ رخسانہ راز: ډیره ډیره مهربانی سپیکر صاحب، چه تاسو ماله موقع راکړه، د دے تعمیر سرحد په حوالے سره په خبره کولو باندے۔ زمونږه ممبرانو خو ډیرے ښے ښے خبرے اوکړے تعمیر سرحد سره Relatedخو زه به د دے د ریفارمز باره کښې یو څو خبرے اوکړمه، هغه دا چه First of allخو یوه دا خبره ده چه مونږه کوم سکیمونه مخکښې ورکړی وو، په هغے کښې پینځه شپږ سکیمونه شروع شوی وو او ختم شو او نور چه کوم دی، هغه لا په ځائے پراته دی نو دوئ په مونږ پسے لیټرے کوی چه نور سکیمونه تاسو ورکړئ نو د هغے به څه ګارنټی وی چه هغه به څومره مودے پورے، چه دوه کالو پورے به چلیږی که دریو کالو پورے؟ بله دا خبره ده چه ډیپارټمنټ والا چه Estimatesنه اخلی، هغوی Estimatesپه دفترونو کښې واخلی بیا چه زمونږ کارونه شروع شی نو هغه بیا نیم پکښې اوشی چه مونږه ټهیکیدار سره خبره کوؤ نو هغوی وائی چه دا فنډ دومره وو، بس ختم شو نو Estimatesد په دفترونو کښې نه اخلی او هغه د رائی Siteته او په Siteد Estimatesاخلی۔ دویمه خبره دا ده چه۔۔۔۔

جناب سپیکر: دریمه۔

محترمہ رخسانہ راز: چه شیډول سسټم چه کوم دے، دا زوړ شیډول ختمول پکار دی او نوی ریټس، ځکه چه ریټونه ډیر هائی شوی دی او نوے شیډول د دے دپاره دغه کول دی ځکه چه د دے سره د کارونو معیار هم خرابیږی او کارونه چه دی نو هغه، د دوئ خو ترینه خپل کمیشن، هر څه ترے پوره اخلی او ریټس چه کوم دی نو هغه هائی ریټس کښې چلیږی نو د کارونو معیار ډیر زیات خرابیږی۔ دریم چه کوم۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: څلورم۔

محترمہ رخسانہ راز: واپډا سره Relatedمونږه چه کوم سکیمونه ورکړی دی نو هغوی مونږ ته دا، مونږ چه هغوی له ورشو، پینځه شپږ میاشتے اوشوے که آته میاشتے اوشوے، هغوی وائی چه مونږ به پهلا د سینیټرز سکیمونه Completeکوؤ، بیا به د ایم این ایز کوؤ او تاسو به په تهرډ باندے کوؤنو د واپډا سره Relatedزمونږه سکیمونه لا تر اوسه پورے شروع شوی هم نه دی او بله دا چه کوم----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: آخری۔

محترمہ رخسانہ راز: نه جی، آخری نه۔

جناب سپیکر: آخری۔

محترمہ رخسانہ راز: بنه جی۔ آخری خبره دا ده چه چارسدے سره Relatedچه مونږه اے ډی پی کښں کوم کارونه ورکړی وو، سوله ستره کارونه مونږ ورکړی وو، تر اوسه پورے هغے کښں یو کار هم نه دے شروع شوے او زیات تر سکیمونه ئے هسے دغه کړی دی خو هغے کښں یو کار هم په اے ډی پی کښں ئے نه دے اچولے نو زمونږ به ستاسو په توسط سره دا ریکویسټ وی چه اے ډی پی کښں دReserved seatوالا هم شامل کړے شی۔

جناب سپیکر: جناب شاد محمد خان۔

جناب شاد محمد خان: مهربانی سپیکر صاحب۔ خبره دا ده جی، چه د چاپو نه به مخکښں ستاسو توجه زه راواړومه، یو دوه وړے وړے خبرے زه کول غواړمه۔ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: تقریر کوے تقریر، دغه نه دے۔

جناب شاد محمد خان: هغه زما د دغه سره تعلق لری۔ مونږه خو د داسے بدقسمته قوم سره تعلق لرو چه هغے ته خټک وئیلے شی۔ هغه دے د پاره چه نن سبا خلق آسمان ته اوختل او د خټک قوم د شکلو او به نشته دے۔ په دے وخت کښں (تالیاں) دا په فلور آف دی هاؤس به زه ورته خبره اوکړم، یو وړوکے غوندے ډیم دے، د رملک ډیم

ورته وئیلے شی زما حلقے کبں ،په هغے باندے به چار پانچ لاکھ روپئ لګی، ستاسو په وساطت سره حکومت ته دا عرض کومه جی، که دا اوکړی نوتپیوبویلونو کبں به لړے اوبه راشی او زمیندراه به پرے آباده شی۔ بل عرض دادے سرچه دنهو کالو نه زما په کلی کبں یو ډګری کالج جوړ دے او سټاف ئے نشته نو که دا مهربانی تاسو اوکړئ د قوم سره چه د دے منظوری حکومت په خپل لاس باندے واخلی نو دا به ستاسو ډیره زیاته مهربانی وی۔۔۔۔ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: تھینک یو۔

جناب شاد محمد خان: او د دے نه پس جناب سپیکر صاحب، د چائے وخت دے بس۔

جناب سپیکر: ډاکټر ذاکر شاه صاحب۔

ڈاکٹر محمد ذاکر شاہ: بسم الله الرحمن الرحیم ۔شکریه، جناب سپیکرصاحب۔ په تعمیر سرحد خو ټھیک ټهاک خبرے اوشوے، زه په هغے باندے خبره نه کول غواړمه خو چونکه پی ایف ون یو اهمه او Sensitiveعلاقه ده او د اسمبلی سټارټ د پی ایف ون نه کیږی خو دا خبره زه ډیر افسوس سره کومه چه په دے کبں یو ګرلز کالج نشته دے او زمونږ بعضے فیمیل ممبرانو اووئیل چه زمونږ دا فنډ د د فیمیل دپاره استعمال کړے شی نو زما دوئ ته دا درخواست دے که فرض کړه زما کالج دپاره دوئ ماته فنډ راکړی نو کم ازکم پی ایف ون کبں یو کالج به د جینکو دپاره جوړ کړے شی۔

جناب سپیکر: مہربانی، وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: شکریہ، جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے اس شارٹ ٹائم میں بھی مجھے توجہ دی۔Main، اہم باتیں جو ہیں اس تعمیر سرحد پروگرام کے حوالے سرے وہ ہو چکی ہیں۔ پیچھے میں نے ایک Question raise کیا تھا جس میں، میرے خیال میں آنریبل منسٹر صاحب موجود نہیں تھے، اس میں 14 % کمیشن بھی کٹتا ہے، کوئی 17% کہتا ہے، مجھے توExact figure یاد نہیں کہ کتنا ہے؟ کٹتے کٹتے، وہ پچاس لاکھ ویسے ہی اتنے کم ہیں اور کٹ کٹ کر پتہ نہیں یہاں پر آجاتے ہیں۔ ایک اس میں گورنمنٹ کی طرف سے جو ڈھائی فیصد Contingency لگائی گئی ہے سر، اس کے بارے میں میں کہنا چاہوں گا کہ اس میں

باقی سکیمیں وہ تو خیر ہے ہم کوئی سکیم ڈراپ کریں گے لیکن جو واپڈا کا ہیڈ ہے، واپڈا والوں کے چیک سے ایک پیسہ بھی کم کردیں تو وہ چیک Accept نہیں کرتے اور اس کی وجہ سے ہمارے پچھلے سال کے جو پروگرام ہے، ابھی تک تعطل کا شکار ہے۔ نیا تو پھر پتہ نہیں کب چلے گا۔ تو کم از کم یہ Clarify کریں کہ ہم روز جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جی ہو گیا اور پھر پتہ چلتا ہے کہ اس میں کوئی نئی چیز آگئی۔ پھر کہتے ہیں کہ ہو گیا۔ تو پچھلے سال کا جواب تک نہیں ہوا، اس میں نہ ہونے کی وجوہات ہمیں بتائی جائیں کہ کیوں نہیں ہو رہا؟ اور آئندہ جو آنے والا اس سال کا، جو موجودہ سال ہے، اس کا کب تک Implement ہو جائے گا، اس کی بھی ہمیں ذرا وضاحت کرا دیں

Thank you so much Sir.۔

<u>Mr.Speaker:</u> The House is adjourned for tea break.

(اس مرحلے پر ایوان کی کارروائی چائے کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

<u>جناب مشتاق احمد غنی:</u> سپیکر صاحب! ایک گزارش ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> کرلیں، کرلیں۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی:</u> جناب! میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ایبٹ آباد میں فاسفیٹ کا ایک بہت بڑا کارخانہ تھا اور وہ انہوں نے نقصان کی وجہ سے بند کر دیا۔۔ (قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر:</u> میں نے یہ سوچا کہ آپ Minister concerned سے کوئی اپیل کرتے، وزیر بلدیات سے کہ خدا کیلئے جہاں کہیں بھی ہو، تم آجاؤ، تمھیں کچھ نہیں کہا جائے گا۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی:</u> جناب! ان کو تو ہم نے پہلے ہی ریکویسٹ کی ہے۔ آپ ہمیں اجازت دے دیں تو ہم conclude بھی کر دیں گے ان کی جگہ۔۔۔۔ (قہقہے)

<u>جناب سپیکر:</u> مطلب یہ ہے کہ ان سے تمھیں کچھ نہیں کہا جائے جو کچھ کہنا تھا وہ ہم کہہ چکے ہیں بس۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی:</u> میرے خیال میں انہوں نے سن لیا ہو گا اور وہ آنے والے ہوں گے، وہ آ ہی گئے۔

<u>جناب سپیکر:</u> اچھا جی۔

جناب مشتاق احمد غنی: میں اپنی وہ گزارش مکمل کرلیتا ہوں جناب، کہ ان کو وہاں سے فارغ کردیا گیا اور کوئی گولڈن ہینڈ شیک نہیں دیا گیا جبکہ خزانہ شوگر ملز کی جب نج کاری ہوئی، اس کو فروخت کیا گیا تو اس کے ملازمین کو گولڈن ہینڈ شیک دیا گیا، تو میری یہ گزارش ہے کہ اب وہ کارخانہ جو اس وقت فاسفیٹ کا ایبٹ آباد میں بند کیا گیا تھا، اب وہ بیچ دیا گیا ہے اور بڑے اچھے پیسوں پر وہ فروخت ہوا تو وہاں کے دو ڈھائی سو ملازمین جن کو اس وقت بے روزگار کیا گیا تھا اور گولڈن ہینڈ شیک نہیں دیا گیا تھا تو اب ان کو ان کے باقی ماندہ بقایات ادا کئے جائیں۔

جناب سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب، ملک ظفر اعظم صاحب، میرے خیال میں آپ سے پہلے بات ہو چکی ہے اس وجہ سے۔۔۔۔

جناب ظفر اعظم (وزیر قانون و پارلیمانی امور): ہاں جی۔

جناب سپیکر: یہ تو نورا کشتی معلوم ہو رہی ہے، جی۔ (قہقہے)

وزیر قانون و پارلیمانی امور: جس طرح ہمارے پارلیمانی لیڈر نے فاسفیٹ کارخانے کا ذکر کیا تو یہ 1985 میں 97 ملین روپے کی لاگت سے بنا تھا اور 1996 میں یہ فیصلہ ہوا کہ یہ پراجیکٹ نقصان میں جا رہا ہے اور اتنے نقصان کے بعد جب حکومت اس کے نقصان کو برداشت کرنے کے قابل نہ رہی تو اس نے اسے پرائیوٹائزیشن کی شکل میں دے دیا۔ یہ جو فاسفیٹ کا آپ ذکر کر رہے ہیں۔۔۔ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: یہ بات سے ہو گئی ہے باہر، ہاؤس سے باہر ہونے کے بعد کی گئی ہے۔ (تالیاں، قہقہے)

وزیر قانون و پارلیمانی امور: تو پھر بعد میں، باہر ان کے ساتھ ملکر ان کو پوری Detail ہم دے دیں گے۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ جی، شگفتہ ناز صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ناز: ایک بہت اہم مسئلے کی طرف آپ کی توجہ۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کیا مسئلہ ہے؟ یہ تو منسٹر صاحب اب۔۔۔۔۔۔۔۔

محترمہ شگفتہ ناز: یہ ایک خاتون کا بہت اہم مسئلہ ہے، بیوروکریسی متحدہ مجلس عمل کی حکومت کو ناکام کر رہی ہے۔ میں ایک خاتون کا بہت سیریس مسئلہ آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتی ہوں کہ 11 ستمبر 2003 کو ان کی ٹرانسفر کر دی گئی نوشہرہ کیلئے جبکہ ان کی ریٹائرمنٹ میں صرف ایک سال باقی تھا اور قانون یہ ہے کہ جب بھی ریٹائرمنٹ میں دو سال باقی ہوں تو پھر کہیں بھی ٹرانسفر نہیں کی جاتی ان کی مرضی کے بغیر، تو ان کی ٹرانسفر

کردگی گئی اور متاثرہ پروفیسر نے سینئر وزیر صاحب سے بھی رجوع کیا۔انہوں نے بھی متعلقہ حکام کو احکامات جاری کئے اور انہوں نے فضل علی صاحب سے بھی رجوع کیا، انہوں نے بھی حکم جاری کیا، دونوں وزراء کے کہنے کے باوجود انہوں نے اس کا کوئی نوٹس نہیں لیا، کوئی کارروائی نہیں کی۔اس کے بعد وہ خاتون عدالت چلی گئیں اور عدالت میں انہوں نے اپنا کیس لڑا۔ عدالت نے ان کے حق میں فیصلہ دے دیا اور یہ جنوری کی بات ہے کہ عدالت نے ان کے حق میں فیصلہ دے دیا ہے لیکن تاحال ان کو اپنی پوسٹ پر واپس بحال نہیں کیا گیا۔ چھ ماہ سے ان کی تنخواہ بند ہے، وہ Recently بیوہ ہوئی ہیں، ان کا کوئی بیٹا بھی نہیں ہے۔ان کو ٹرانسفر بھی کیا گیا آخری ٹائم میں، جبکہ ان کا Tenure بالکل ختم ہونے والا تھا۔ ریٹائرمنٹ کی ان کی مدت۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: میرے خیال میں۔۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

محترمہ شگفتہ ناز: سپیکر صاحب! آپ بھی اپنا کردار ادا کریں اور۔۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

جناب سپیکر: انشاءاللہ وہ وزیر صاحب جب آئیں گے، ایجوکیشن کا مسئلہ ہے؟

محترمہ شگفتہ ناز: ایجوکیشن کا مسئلہ ہے اور یہ کہ عدالت کا حکم بھی نہیں مانا جارہا ہے۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔ وہ مانیں گے عدالت کا حکم۔ سردار ادریس صاحب، جبل صاحب، نہیں نہیں، وہ Disturbance نہیں کر رہے ہیں، وہ مدد کر رہے ہیں۔

جناب محمد ادریس (وزیر بلدیات): الحمدللہ رب العالمین وصلوٰۃ والسلام علی رسول الکریم و علیٰ آلہ والصحابہ اجمعین۔ جناب سپیکر! تعمیر سرحد جیسے اہم موضوع پر تمام اراکین اسمبلی نے اپنی اپنی تجاویز بھی پیش کی ہیں اور اس ضمن میں جو مشکلات تھیں، ان مشکلات سے بھی ایوان کو آگاہ کیا ہے اور کل سے آج تک جو اس پر بحث ہوئی ہے، بڑے انہماک سے اور بڑے استغراق سے آپ نے بھی اور ہم سب نے بھی ان کی گفتگو سنی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج اس ایوان کے اندر تمام پارٹیز کے لوگ موجود ہیں اور ان کا تقاریر سے ایک بات تو کم از کم یہ سامنے آئی ہے کہ تعمیر سرحد کے حوالے سے، کسی پارٹی کے حوالے سے، پارٹی کی وابستگی کے حوالے سے کسی کے ساتھ کوئی خط امتیاز نہیں بھرتا گیا اور اگر اس ضمن میں کوئی پریشان تھا، تو تمام ایم پی ایز پریشان تھے اور اگر اس ضمن میں کوئی آسانی تھی تو وہ تمام ایم پی ایز کیلئے آسانی تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ضمن میں پراونشل

گورنمنٹ نے کوئی Distinction draw نہیں کیا، کوئی Discrimination نہیں کیا اور نہ ہی کسی Individual نے اس کا اظہار بھی کیا ہے۔ تعمیر سرحد کے حوالے سے جو اس کا لمبا Process ہے، تقریباً تمام نے متفقہ طور پر خواہ وہ حزب اختلاف سے تعلق رکھتے ہیں یا حزب اقتدار سے، پورے ہاؤس نے اس ضمن میں یہ کہا کہ اس کو سہل بنایا جائے۔ باوجود اس کے، میں بشیر احمد بلور صاحب کی توجہ اور جناب لیڈر آف دی اپوزیشن شہزادہ صاحب کی توجہ چاہوں گا چونکہ انہوں نے اس معاملے میں گفتگو بھی کی ہے اور ذرا اس بات کو بھی کچھ دیر کیلئے پلیز، تو یہاں پر مختلف پارٹیز سے تعلق رکھنے کے باوجود، جمہوریت کی خوبصورتی ہوا کرتی ہے کہ اپنا اپنا انداز فکر ہے، اپنی اپنی سوچ کے دائرے ہیں، اپنی اپنی فکر کے زاویئے ہیں اور اس کو مختلف حوالے سے، سب نے اپنے اپنے حوالے سے لیا ہے لیکن جب بھی اس ایوان کے اندر ایشوز پر بات ہوئی ہے، جب بھی کوئی اہم مسئلے پر بات ہوئی ہے تو پورا ایوان خواہ اقتدار ہو یا حزب اختلاف، سب اکھٹے چلے ہیں اور سب ایک دوسرے کی آراء سے متفق ہوئے ہیں۔ یہاں اس بنیاد پر کبھی بھی کوئی بات نہیں ہوئی کہ ہمارے ساتھ ناروا سلوک کیا جارہا ہے یا ہمیں دیوار سے لگایا جارہا ہے۔ یہاں پر ابھی تک ایسی کوئی بات نہیں ہوئی اور الحمد للہ اور انشاء اللہ تعالیٰ اسی بات کو ہم روا رکھیں گے۔ کل ہمارے Seasoned politician جناب عبدالاکبر خان صاحب نے، 'Seasonal' نہیں کہہ رہا ہوں، Seasoned ہے (قہقہے) کل جب انہوں نے اپنی گفتگو کا اظہار کیا، یقیناً ان کی آراء اور جو بھی وہ ہاؤس کو مشورے دیتے ہیں، یقیناً ان کی شخصیت اس حوالے سے ہمارے لئے انتہائی اہم ہے کہ یہ قانونی پیچ وتاب اور قانونی تمام چیزیں بھی سامنے رکھتے ہیں اور کل آئین کی سیکشن 119 کا بھی انہوں نے حوالہ دیا لیکن ہمارے لئے اور آپ سب کیلئے یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ 2001 کا جو لوکل گورنمنٹ آرڈیننس ہے، اس کے حوالے سے یقیناً اس ہاؤس کی وقعت کم ضرور ہوئی ہے، صوبائی خودمختاری کے حوالے اس پر ضرور ضرب لگی ہے اور یہ ہمیشہ سے ہوا ہے کہ جب بھی فوجی حکومت آئی، جب بھی ڈیکٹیٹر شپ ہوئی تو اس کے بعد جو بھی جمہوری حکومت قائم ہوئی تو پھر اس گند کو صاف کرنے کیلئے تھوڑا بہت ٹائم ضرور لگا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ایک دو سال اس کو صاف کرنے میں لگ گئے ہیں اور وہ سارے پروسیجر جو بنا کر چلے جاتے ہیں پھر ان کو صاف کرنے میں کافی ٹائم لگتا ہے، یہی وہ مشکلات اور یہی وہ ساری باتیں تھیں جو ہم کو اس کا سامنا بھی کرنا پڑ رہا ہے۔ اس کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ 1989 کے اندر اور دوسرے ادوار

کے اندر جو فنڈز زیادہ دیئے گئے اور ابھی کم ہے، پراونشل فنانس کمیشن نے لوکل گورنمنٹ کو Total Divisible Poolکا60%دیا ہے جو کہ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے حوالے سے، جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہے، پورے ہاؤس کو معلوم ہے، ہم اس بات کے پابند بھی ہیں چونکہ اس کو چھٹے شیڈول کے اندر شامل کیا گیا ہے اور ہم اس کو ختم نہیں کر سکتے۔ Any alteration, amendment will be made subject to the previous permission of the President. پورے ہاؤس کو یہ معلوم ہے اور اس کے اندر یہ ہمارے لئے Indispensableتھا، ناگزیر تھا کہ ہم وہ اٹھاسی کروڑ روپے ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو دیتے اور وہ اٹھاسی کروڑ ہم نے ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو دیئے۔ یہاں پر۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> پوائنٹ آف آرڈر سر۔ لوکل گورنمنٹ نے 85%۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

<u>وزیر بلدیات:</u> میری بات جب ختم ہو جائے، آپ پلیز۔۔۔۔۔۔ (قطع کلامی)

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> پراونشل گورنمنٹ تو خود چندہ دے رہی ہے۔

<u>وزیر بلدیات:</u> میری بات جب ختم ہو جائے تو پھر اگر آپ نے بات کرنی ہو تو پھر آپ کے پاس کافی ٹائم ہے۔ اس حوالے سے عبدالاکبر خان صاحب نے جو پوائنٹس اٹھائے تھے کہ اتنا لمبا پروسیجر ہے کہ یہاں پر ڈی۔جی کے پاس، پھر اس کے بعد سیکرٹری کے پاس، پھر اس کے بعد ڈی۔سی۔او کے پاس اور یہ پھر سارے ان کے پوائنٹس ہم نے نوٹ کر لئے ہیں اور یقیناً یہ ایک ایسا Processہے کہ جس کے اندر کم از کم دو مہینے سے زائد لگ جاتے ہیں۔ اس پر جب Last timeہماری بات ہوئی تو چیف منسٹر صاحب کے ساتھ ہم سب بیٹھے اور اس کو مختصر کرنے کیلئے اس پر بات ہوئی اور اسی حوالے سے جناب بشیر بلور صاحب نے بھی بات کی، انور کمال صاحب نے بھی اسی انداز سے بات کی گو کہ وہاں پر کچھ تلخ و شیریں باتیں اور کچھ اشاروں وکنایوں کے اندر طنز و مزاح کی فضا بھی انہوں نے پیدا کی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک جمہوری نظام کا حصہ ہے اور یہاں پر ہر آدمی بیٹھ کر بات کر سکتا ہے۔ تمام اراکین کی رائے اس ضمن میں آئی ہے۔ میں بات کو مختصر رکھوں گا اس حوالے سے کہ کم از کم وہ بنیادی مطالبات جو سب نے پیش کئے کہ اس سسٹم کو سہل بنایا جائے اور یہ اراکین اسمبلی کی ڈسپوزل پر کیا جائے اور یہ ان کے Discretionپر ہونا چاہیے کیونکہ یہ جو پچاس لاکھ کا فنڈ ہے، اسے وہ اپنے حلقے کے

اندر اپنی مرضی کے ساتھ استعمال کر سکیں۔ایک اور بات جو ابھی ہم نے Reminder تمام ممبران صوبائی اسمبلی کو دیا (مداخلت) پلیز، ہم نے تمام ممبران اسمبلی کو ایک Reminder دیا کہ مہربانی کر کے۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! اگر کوئی شکایت ہو تو چیئر کو ایڈریس کریں تو میں ان سے کہوں گا۔

(تالیاں)

وزیر بلدیات: ٹھیک ہے۔جناب سپیکر، شکریہ۔ہم نے تمام ممبران اسمبلی کو یہ یاد دہانی کرائی کہ چونکہ سال ابھی ختم ہونے کو ہے اور بہت کم لوگوں نے اس سال کے تعمیر سرحد کیلئے سکیمیں Submit کی ہیں اور اس کا بھی یہاں پر یہ مطلب لیا گیا کہ شاید اس وجہ سے کچھ Discrimination، کچھ خط امتیاز اور کچھ شاید اس فنڈ کو Lapse کرنے کے سلسلے میں حیلے اور بہانے ڈھونڈے جا رہے ہیں۔ہم نے یہ خالصتاً اخلاص کی نیت سے کہ شاید آپ بہت سی دوسری چیزوں کے اندر بھول گئے ہیں کہ آپ کیلئے اس کا بھی فنڈ Available ہے، موجود ہے اور اے ڈی پی میں رکھا جا چکا ہے اور جن افراد نے ابھی تک تعمیر سرحد کے حوالے سے اپنی سکیمیں Submit نہیں کیں ہیں تو مہربانی کر کے ان کو Submit کریں تاکہ فنڈز کو ہم اس جون سے پہلے پہلے Utilize کر لیں۔یہ Utilization کے حوالے سے ہے اور آپ سب کو معلوم ہے کہ اس سال کا فنڈ آپ کیلئے تھا لیکن ابھی تک بہت کم ممبران نے، اور بھی ہمارے پاس پہنچ چکے ہیں، آج میں نے Confirm کیا، آٹھ دس ممبران کے اور ہمارے پاس جو نشاندہی ہے جو ڈی ڈی سی سے Approve ہو کر ہمارے پاس آگئی ہیں لیکن اس میں صرف اور صرف یہ تھا کہ جتنا جلدی ہو سکے ہم اس فنڈ کو Utilize کر لیں۔چونکہ اسکے اندر ہم نے کچھ بنیادی تبدیلیاں کی ہیں جن کا ابھی میں آپ کے سامنے اعلان کروں گا۔اس ضمن میں، میں جواباً کسی پر طنز کی بات نہیں کروں گا۔ میں کھلے دل سے خوش اسلوبی کے ساتھ، سب کی بات، اگر کہیں مجھ سے غلطی ہوئی تو اس کو بھی ہم Accept کریں گے اور یہی جمہوری روایات رہی ہیں کہ اگر کہیں کسی بھی نظام کے اندر اور کسی بھی پروسیجر کے اندر کہیں پروسیجرل غلطی ہے اور اگر کہیں Lengthy system ہے تو اس کو وہاں پر ختم کیا جائے اور اگر کہیں پر کسی سے غلطی سرزد ہو رہی ہے تو اس غلطی کو قبول کیا جائے۔میں سب سے پہلے تمام ممبران صوبائی اسمبلی کی اس ضمن میں کہ Contingency کا 2% جو لیا جا رہا ہے یہ زیادہ ہے، میں آج

اناؤنس کرتا ہوں کہ پچھلے سال پر بھی اور اس سال پر بھی % 0.5 Contingency ہوگا اور باقی جو 1.5% ہے، وہ واپس اپنی سکیموں میں لگے گا (تالیاں) دوسرا ڈی۔ڈی۔سی کی Approval کے متعلق میری اس ہاؤس کے سامنے آپ کے توسط سے جناب سپیکر، یہ تجویز ہے کہ اگر متعلقہ ایم پی اے دو ہفتوں کے نوٹس پر وہ سکیمیں جب ڈی۔ڈی۔سی کے اندر لے آئے تو اس وقت اگر وہ خود اس کی صدارت کرنا چاہے تو ہم تمام ڈی۔سی۔اوز کو Notify کردیں گے کہ متعلقہ ایم۔پی۔اے اس کی خود صدارت کر سکتے ہیں، اپنی ان سکیموں کیلئے اور اس کیلئے ہم متعلقہ ڈی۔سی۔اوز کو Notify کردیں گے اور جب ڈی۔سی۔او کے پاس آپ اپنی سکیمیں Submit کریں گے، For feasibility and for PC-1 تو وہ اس بات کے پابند ہوں گے کہ وہ دو ہفتوں کے اندر اندر ان سکیموں کی Feasibility اور PC-1 Submit کریں اور اگر ممبران صوبائی اسمبلی اس بات کی خواہش رکھتے ہیں کہ وہ اس میٹنگ کو Chair کریں تو ہم اس کو Notify کرنے کیلئے تیار ہیں اور اگر ہاؤس کی یہ خواہش ہے جناب سپیکر، (تالیاں) جناب سپیکر! یہاں پر پہلے بھی بات ہوئی اس معاملے میں، یہاں پر کرپشن اور جو Percentage دیا جا رہا ہے، یہ باتیں آئی ہیں۔ یقیناً یہ معاشرے کے اندر Assimilate ہو چکی ہیں اور یقیناً یہ ہم سب کیلئے تکلیف دہ بات ہے اور اس حوالے سے بہت سے ممبران کی طرف سے یہ تجویز آئی کہ یہاں پر پراجیکٹ کمیٹی بنا دی جائے لیکن اس کے بعد پراجیکٹ کمیٹی کا پھر وہی، اس کو مشکل تر بنا دیا گیا اور میں آج یہ اعلان کرتا ہوں کہ پراجیکٹ کمیٹی ایک لاکھ سے بڑھا کر ہم پانچ لاکھ کر رہے ہیں، پانچ لاکھ تک کی پراجیکٹ کمیٹی بن سکتی ہے (تالیاں) اور اس کو Within a week انشاءاللہ Notify ہوگا۔ جناب سپیکر! آپ اس کی مانیٹرنگ بھی کر سکتے ہیں کہ ہم انشاءاللہ ایک Week کے اندر اس کو Notify کریں گے اور پراجیکٹ کمیٹی کے اراکین چونکہ یہ فنڈ آپ کا فنڈ ہے، ممبران صوبائی اسمبلی کا فنڈ ہے اور آپ کا یہ حق ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جب ہم برابری کی بات کر رہے ہیں، جب ہم مساوات کی بات کر رہے ہیں، جب ہم سب کو ساتھ لیکر چلنے کی بات کر رہے ہیں اور آپ کی رائے کو اہمیت دینے کی بات کر رہے ہیں تو اس کا فیصلہ آپ خود کریں۔ آپ کا اپنا فنڈ ہے اور اس فنڈ کیلئے پراجیکٹ کمیٹی کے اراکین کا تقرر، جو چار اراکین کا تقرر کریں گے، وہ آپ کریں گے اور اس ضمن میں پراجیکٹ کمیٹی کا جو لیڈر رہے، اس کا بھی تقرر آپ کریں گے اور اس ضمن میں جس طرح یہاں پر تجویز آئی ہے کہ پچیس پرسنٹ

فنڈز پہلے ریلیز کردئے جائیں تو اس تجویز کو بھی میں قبول کرتا ہوں اور اس سکیم کا جو پچیس پرسنٹ فنڈ ہوگا، وہ پہلے ریلیز کیا جائے گا (تالیاں) لیکن اس کے بارے میں پہلے جو مخالفت ہو رہی تھی کہ پہلے ریلیز نہ کیا جائے، اس کی بھی اپنی وجوہات موجود تھیں تاکہ کہیں ہمارے ممبران اسمبلی پر کوئی ایسی بات نہ آئے کہ کوئی فنڈ اگر پہلے ریلیز کردیں اور وہاں پر کچھ Embezzlement ہو جائے یا Misappropriate ہو جائے تو اس سے بچنے کیلئے صرف یہی ایک منشاء مقصود تھی لیکن آپ سب سے میری گزارش ہے کہ ہم اور آپ سب نے اس بات کا خیال رکھنا ہے کہ کہیں ہمارے ممبران صوبائی اسمبلی کے دامن پر کوئی داغ نہ لگ جائے۔ اس کو کمال احتیاط کے ساتھ اور ہر طرف سے آپ کی مانیٹرنگ ہو رہی ہے۔ میری یہ آپ سے گزارش ہے کہ ٹیم لیڈر کا انتخاب کرتے ہوئے اور ممبران کا انتخاب کرتے ہوئے کمال احتیاط سے کام لیں تاکہ کل کسی بھی ہمارے ممبر پر یہ الزام نہ لگے کہ تعمیر سرحد کا فنڈ خرد برد ہو گیا ہے یا اس ضمن میں ایسی کوئی بات ہو گئی ہے۔ یہاں پر واٹر سپلائی سکیمز کی Rehabilitation اور Repairs کے سلسلے میں دوستوں نے کہا جو ہیں، پچیس سال سے سکیمیں ہیں، ان پر اگر تھوڑا سا فنڈ لگا دیا جائے تو وہ لوگوں کو پانی کی بہتر، سوشل سیکٹر کے اندر ایک Development آسکتی ہے تو اس کیلئے بھی آج میں اعلان کرتا ہوں کہ یہ واٹر سپلائی کی Rehabilitation اور Repairs کے سلسلے میں بھی اس فنڈ کو استعمال کیا جاسکے گا (تالیاں) ہیلتھ اور ایجوکیشن سیکٹر کے اندر بھی۔۔۔

آوازیں: کمیونٹی سنٹر اور پلے گراونڈ۔

وزیر بلدیات: میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس فنڈ کا استعمال کرنا آپ کا حق ہے لیکن کوئی ایسی اجازت دینا کہ یہ جرگہ ہال، یہ حجرہ، اسکی اجازت میں سمجھتا ہوں، پورے ہاؤس کو میں دیکھ رہا ہوں کہ کوئی بھی اس کی اجازت نہیں دے رہا، لہذا یہ نہیں ہو سکتا۔

آوازیں: پلے گراؤنڈ۔

جناب سپیکر: پلیز، پلیز۔

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ ہم یہاں پر ایسی بات نہ کریں جس سے کل پورے لوگوں کی انگلیاں ہم پر اٹھیں کہ انہوں نے اپنے لئے حجرے تعمیر کرلئے یا انہوں نے اپنے لئے جگہیں

خرید لیں۔ ہم ضرور وہ کام کرنے کی یہاں پر اجازت دیں گے، یہ فنڈز آپ کے ہیں، آپ اس کو جس طرح چاہیں استعمال کر سکتے ہیں لیکن کوئی اس طرح کا شائبہ تک بھی نہ ہو، ہم نہیں چاہتے کہ ہمارے کسی معزز رکن پر کل ذرا سی بھی انگلی اٹھے کہ انہوں نے یہ جو فنڈ استعمال کیا ہے، ایک ایسی جگہ پر استعمال کیا جو عام لوگوں کیلئے فائدہ مند نہیں ہے۔

آوازیں: پلے گراونڈ، لائبریریز۔

وزیر بلدیات: میں اس طرف آ رہا ہوں۔ لائبریریز کیلئے تو یہ پہلے سے موجود ہے، پروسیجر میں آپ دیکھیں کہ لائبریری کیلئے ہم پیسے دے سکتے ہیں۔ کمیونٹی سنٹر کیلئے آپ ہر اس جگہ پر فنڈ استعمال کر سکتے ہیں جہاں پر Incurring expenditure involve نہ ہو کیونکہ جہاں پر Incurring expenditure involve ہو گا، وہ مسئلہ سب سے پہلی فنانس کے اندر جائے گا، رولز آف بزنس کے اندر موجود ہے۔ اکبر خان صاحب اس سلسلے میں، ابھی سپیکر صاحب اس سلسلے میں آپ کی رہنمائی بھی فرمائیں گے، آپ یہ فنڈز کوئی ایسی جگہ استعمال نہیں کر سکتے جہاں پر کوئی بھی Incurring expenditure involve ہو لہذا نہ تو آپ نئے سکول اس سلسلے میں تعمیر کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ہیلتھ سیکٹر کے اندر کسی ایسی جگہ استعمال کرنا چاہیں اور بالخصوص میری ایک بہن نے بڑی اچھی تجویز پیش کی تھی ہاسٹل کیلئے، اگر وہاں پر Incurring expenditure involve نہیں ہے تو ہم اس میں ہاسٹل کی بھی تعمیر کی اجازت دیتے ہیں اور۔۔۔۔

آوازیں: پلے گراونڈ، پلے گراونڈ۔

وزیر بلدیات: پلے گراونڈ کے سلسلے میں میری آپ سے گزارش ہے کہ اگر آپ اس رقم کو، چھوٹی موٹی جو رقم ہے جناب سپیکر، یہ پچاس لاکھ کی بہت کم اور مختصر سی رقم ہے، اس کیلئے لوگوں کی، جس طرح سے آپ سب کو معلوم ہے کہ یہ چھوٹی چھوٹی جو لوگوں کی سکیمیں ہیں، یہ اس لئے ہوتی ہیں، اگر آپ پلے گراونڈ یا ہسپتال کیلئے جگہ یا آپ سکول کیلئے جگہ خریدنے بیٹھ جائیں تو پھر اس کا مقصد فوت ہو جائے گا۔ جو بڑی سکیمیں ہیں، وہ اے ڈی پی کے اندر Reflect ہیں، وہ دوسرے معاملات میں آپ لیکر آجائیں، پلے گراونڈ میں لیکن اس سلسلے میں آپ کی مزید اگر کوئی تجاویز ہیں تو آپ سپیکر صاحب کے پاس پہنچادیں، ہم دو تین چار ممبران اس پر بیٹھ کر بات کر لیں گے اور اس پر بالکل ہم غور کرنے کیلئے تیار ہیں۔ میں انکار نہیں کر رہا ہوں کہ پلے گراونڈ

کیلئے کر سکتے لیکن اس کیلئے آپ کل پر سوں تر سوں جب بھی آئیں، سپیکر صاحب کے پاس بیٹھ کر، اگر ہم بیٹھ کر اس پر فیصلہ کر لیتے ہیں تو ہم اجازت دینے کیلئے تیار ہیں لیکن اس پر میں ابھی فی الحال کوئی بات نہیں کروں گا اس لئے کہ یہ فنڈز جو تھوڑے تھوڑے لوگوں کے جو فوری معاملات ہیں، وہ درست کرنے کیلئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو Utilize ہونا چاہئے۔ جناب سپیکر! یہاں پر کل میری بہن محترمہ یاسمین نے بھی بات کی، معاشرتی اقدار کی بات کی، معاشرتی اٹھان کی بات کی، بیروزگاری کے بارے میں بات کی، بھوک اور افلاس کے بارے میں بات کی، میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہمارا این ایف سی کا مسئلہ حل ہو جائے، اگر Net Hydle Profit کا مسئلہ حل ہو جائے تو اس حوالے سے صوبے کے اندر امن وامان ہم بہتر طریقے سے قائم کر سکتے ہیں تو پھر یہاں پر ایک انڈسٹریل اسٹیٹ بنے گا ہم سب کے تعاون سے، اور صوبے میں امن وامان کے حوالے سے جب تک کہ اپوزیشن اور حزب اختلاف اور حزب اقتدار کے تمام لوگ مل کر تعاون نہیں کرینگے، اس وقت تک صوبے کو ہم ترقی کی راہ پر گامزن نہیں کر سکتے۔ میری آپ سب سے گزارش ہے کہ Net Hydle Profit کیلئے اور این ایف سی کیلئے، جس طرح پہلے بھی یہ پورا ہاؤس متحد تھا، متفق تھا، یکجا تھا اور پوری یک جہتی کا اظہار، پورے وفاق نے بھی سنا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اتحاد کے ساتھ، اسی یک جہتی کے ساتھ اس آواز کو اور بلند کریں گے، یقیناً ہمارے صوبے کے جب مالی مسائل حل ہونگے تو اس سے ہم لوگوں کیلئے روزگار کے بھی نئے مواقع پیدا ہونگے، بھوک اور افلاس کا بھی خاتمہ ہو گا اور انشاء اللہ تعالیٰ حکومت کے پاس جو فنڈز ہیں، یقیناً صوبائی حکومت کو اس بات کا اختیار ہے اور ہم کوئی ایسی Discretionary بات نہیں کر رہے کہ ہم سب اپنے حلقوں کے اندر، مجھے یاد ہے کہ جب صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ صاحب نے، جناب سپیکر! میں آپ کی۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، جی۔

<u>وزیر بلدیات:</u> مجھے یاد ہے کہ جب وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد نے ایبٹ آباد کا دورہ کیا تو وہ بات جو انہوں نے یہاں اسمبلی کے اندر کہی تھی کہ ہم سب کو سینے کے ساتھ لگا کر چلیں گے تو اس دورے کا آغاز میرے بھائی جناب ممتاز رحمان عباسی کے گھر رات ان کے کھانے سے شروع کی تھی اور صبح نثار صفدر اور پھر جناب مشتاق غنی اور پھر جناب قلندر لودھی کے گھر وہ چاروں پروگرام انکے وہاں پر ہوئے اور انہی کیلئے وہی اعلانات کئے جو اعلانات

انہوں نے میرے لئے کئے۔انہوں نے اس بات پر کوئی بھی Distinction draw نہیں کی اور میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ان دوستوں نے بھی بڑے کھلے دل کے ساتھ ان کا استقبال کیا اور یہی وہ روایات ہیں، صوبہ سرحد کی یہی وہ منفرد روایات ہیں کہ یہاں پر سب کو ساتھ لے کر چلنے کی بات ہے اور الحمد للہ ہمارے درویش وزیراعلیٰ سب کو ساتھ لیکر چل رہے ہیں اور انشاءاللہ تعالیٰ اس کو Continue بھی کرینگے۔اگر ہمارے صوبے کے مالی حالات نے اجازت دی، اگر این ایف سی کا مسئلہ اور اگر دوسرا Net Hydle Profit کا مسئلہ اگر حل ہوا تو یقیناً یہ فنڈز پچاس لاکھ نہیں بلکہ ایک کروڑ ہوگا لیکن آپ سب کو صوبہ سرحد کے جو مالی Constraints ہیں وہ معلوم ہیں لہٰذا میری یہ گزارش ہے کہ ان مشکل حالات کے اندر بھی آپ ہمارا ساتھ دیں اور حلات بہتری کی طرف جائیں گے، جب آسائشوں کا وقت آئے گا، یہ آلائش کا دور جب ختم ہوگا تو اس وقت بھی انشاءاللہ تعالیٰ ہم آپ کا خیال رکھیں گے اور سب کو ساتھ لیکر چلیں گے اور یہ پچاس لاکھ اور ایک کروڑ کی بات نہیں ہے، ہم ڈیڑھ کروڑ تک کر سکتے ہیں اگر یہاں پر ہمارے حالات اور Net Hydle Profit اور اگر این ایف سی کا مسئلہ حل ہوا۔میں انہی الفاظ کے ساتھ آپ سے اجازت بھی چاہونگا اور میری آپ سے گزارش ہے کہ آئندہ بھی اسی طرح سے اگر کہیں بھی اس کے حوالے سے کوئی بھی بات ہو تو آپ ہمیں مشورہ دے سکتے ہیں اور انشاءاللہ ہم اس پر بات کرینگے۔

جناب سپیکر: جی، عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: بہت اہم بات ہے، بہت اہم۔جناب سپیکر! گزشتہ دو دنوں سے۔۔۔۔۔

جناب خلیل عباس خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب عبدالاکبر خان: ایک منٹ جی، گزشتہ دو دنوں سے یہ ہاؤس متواتر اس تعمیر سرحد پر بحث کر رہا ہے۔ہم اپوزیشن نے اپنے ایجنڈے میں اس کو شامل اس لئے کیا تھا کہ اس میں مشکلات ہیں اور میرے خیال میں 99% ممبران صاحبان نے اس بات کو دہرایا، ہر ایک نے اپنے Speech میں کہ جو Process ہے، یہ Process نو نو مہینے آٹھ آٹھ مہینے، منسٹر صاحب نے DDC تک تو بات کر دی، DDC کو تو دو ہفتوں میں کر دیا لیکن پرابلم تو ہمیں DDC کے بعد کا جو Process ہے، اسمیں ہے۔DDC کو پندرہ دن میں، اگر پہلے نہیں

ہوتا تھا تو بیس دن میں ہوتا تھا لیکن جو مہینے لگتے ہیں، وہ DDC کے بعد یہاں پر لگتے ہیں۔ جناب سپیکر! ہم سمجھتے ہیں کہ جو Process ہے، اس کو Short کر لیں۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب نادر شاہ: میرے خیال میں یہ جواب دینا چاہتے ہیں تو پہلے میں بات کر لوں تو۔۔۔۔

وزیر بلدیات: ایک سیکنڈ، میں جواب دے دوں اس کو۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے، نادر شاہ صاحب بات کرینگے تو پھر۔۔۔۔۔

وزیر بلدیات: ایک سیکنڈ جناب سپیکر، میں نے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اگر نادر شاہ صاحب بھی بات کر لیں تو آپ اکٹھا جواب دینگے۔ Notes آپ لے لیں۔

جناب نادر شاہ: سر! سردار صاحب نے بہت اچھی باتیں کیں۔ میری جو سب سے زیادہ Objectionable بات ہے کہ جو پراجیکٹ کمیٹی ہے، اس میں ٹھیکیدار کا Must ہونا ہے تو اس پراجیکٹ کمیٹی سے ٹھیکیدار کا جو Answer ہے، وہ تو ہم نکالنا چاہتے ہیں لیکن اس کیلئے۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! یہ پوائنٹ ہے ٹیکنکل کہ اگر آپ ٹھیکیدار کو پراجیکٹ کمیٹی کا لیڈر بنائیں گے تو پھر پانچ پرسنٹ انکم ٹیکس کاٹا جائے گا۔ اگر وہ آپ کا ٹھیکیدار نہیں ہوگا، Enlist نہیں ہوگا تو پھر اس میں ۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، پراجیکٹ لیڈر اس میں ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، انہوں نے کہا ہے کہ کنٹریکٹر ہوگا، Enlist ہوگا، Condition ہے۔

جناب مشتاق احمد غنی: سر! میرا ایک پوائنٹ ہے، سردار صاحب سے ایک پوائنٹ صرف۔۔۔۔

وزیر بلدیات: جی، آپ فرمائیں۔

جناب مشتاق احمد غنی: یہ جو Confused سی بات ہوگئی ہے کہ جو Playground یا پارک کی بات ہم لوگ کر رہے ہیں، یہ دو باتیں میں Infact ایک تو اس کی زمین کی خریداری اور دوسری بات یہ ہے کہ زمین اگر موجود ہے، Playground موجود ہے، پبلک پارک موجود ہے تو اسکی Development کیلئے دو چار لاکھ

روپے دیکرا گر ہم کریں۔ ہم اس کی اجازت چاہتے ہیں کہ ہمیں اس Playground کی چاردیواری یا Steps بنانے کیلئے یا جھولے لگانے کیلئے کسی پبلک پارک میں اسکی اجازت چاہیئے۔

جناب سپیکر: جی، خلیل عباس خان۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب! (شور)

جناب کاشف اعظم: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: زما په خپل خیال که دا طریقه تاسو شروع کړه، کوم چه-----

جناب کاشف اعظم: زه وایم چه په دے Simplicity of procedure باندے خبره اوشی۔ که Playground پکښ راځی، که جنت پکښ راځی او که محل راځی چه یو یو کال پرے لګی نو څه فائده ده جی؟ چه Procedure short شی نو دا به ښه خبره وی۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب، مشتاق غنی صاحب چه کومه خبره اوکړه، مونږه خو د کلو خلق یو هلته کښ زمکے ارزانے دی، پیښور غوندے لکهونه روپئ کنال زمکے نه دی۔ هلته زمکے ارزانے دی جی۔ ګورئ جی، مونږه نوکری چاته نه شو ورکولے، مونږه نور څه کار چاته نه شو کولے، کم ازکم داراتلونکے کول خپل دد ے بے راه روئ نه خو منع کولے شو کنه جی۔ یو موقع ورکوؤ چه هغوی چرته څه لوبے اوکړی جی۔ د دے چرسونه نه، دد ے جوارونه، د دے هیروئن نه، دالعنت چه زمونږه په دے معاشره کښ ورځ تر ورځ زیاتیږی چه دا ختم شی----- (شور)

جناب سپیکر: جی، سردار صاحب! ګوره جی، جتنے بھی ممبران ہیں انکی تجاویز آئی ہیں۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب! چه زه خپله خبره مکمل کړم جی۔ یو منټ ستاسو نه غواړم، یو منټ۔

وزیر بلدیات: جناب سپیکر!

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب کی اجازت سے جی۔ سپیکر صاحب! سردار صاحب هم اووئیل چه دے ضمنی کښ تاسو یو کمیټی جوړه کړئ۔ زما تاسو ته دا ګزارش دے چه مهربانی اوکړئ دا ډیره اهمه مسئله ده، تاسو د دے یو کمیټی جوړه کړئ، دے

ضمن کښې او دا نورې اهمې مسئلې چه دی، دے تعمیر سرحد کښې راپیښنو مسئلو باره کښې۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں کمیٹی کی ضرورت نہیں ہے۔ حکومت اس کو خود Tackle کرے، وہ Transparency کو Ensure کرے، ایک ممبر کا کام ہے اس کو اپنی Priority خوب معلوم ہے خواہ وہ پچاس لاکھ پر ایک پلے گراونڈ خریدنا چاہتا ہے لیکن Ensure ہو کہ بھئی یہ Justified ہے، Transparency maintain ہے تو اسمیں کیا حرج ہے۔

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! یہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: جو دو تین جگہ یہ پراجیکٹس۔۔۔۔

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! سب سے پہلے پراجیکٹس کمیٹی کے مسئلے کو Elaborate کرتا ہوں کہ پراجیکٹ کمیٹی کو Enlist کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ اس سے پہلے جو پراجیکٹ کمیٹیز تھیں، انکے لئے 20% فنڈز ایم پی ایز یا کمیونٹی خود جمع کرتی تھی تو میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ یہاں پر پی اینڈ ڈی نے جو پروسیجر ابھی بنایا تھا، اس کے اندر Enlistment کا یا کوئی اس طرح کا انہوں نے وہ کیا تھا لیکن اس ضمن میں میری ایک میٹنگ ہوئی تھی اور میں نے تمام محکموں کو بلا کر یہ کہا کہ یہ Totally جب فنڈ ہم نے ایم پی ایز کو دیا ہے تو ایم پی ایز کو اس پر Fully اختیار ہونا چاہیے اور اگر پھر وہی ٹھیکیدار کی Enlistment کرنی ہے تو پھر ایک دفعہ پھر وہی سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ پھر ایم اے کو بیچ میں لانے کی ضرورت کیا ہے؟ اور اس میں ٹھیکیدار کی کوئی ضرورت نہیں ہے، کسی کو Enlistment کرنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن یہ بات Clear کر رہا ہوں اور اس کا نوٹیفیکیشن انشاءاللہ تعالیٰ Within the week ہم ایشو کر دینگے۔ ایک تو یہ بات ہو گئی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جی، Process، Process والی بات۔

وزیر بلدیات: دوسرا جو Process ہے، Process پر چیف منسٹر صاحب نے خود بھی اس بات کا نوٹس لیا اور میری چیف منسٹر صاحب کے ساتھ اس سلسلے میں میٹنگ ہوئی ہے اور ہم نے فنانس ڈیپارٹمنٹ کو یہ کہا ہے کہ جونہی ہمارے پاس سکیمز پہنچ جائیں، ان کو جو پرابلمز ہیں جو ایم پی ایز کی DDC کی Approval کے حوالے

سے بہت زیادہ پرابلمز آرہی تھیں تواس کو سہل بنانے کیلئے میں نے ان سے ریکویسٹ کی کہ یہ ہو سکتا ہے اور اس کا جو اگلا Process ہے، اس Process کے اندر ہم نے فنانس کو کہا، سی ایم صاحب نے فنانس کو کہا ہے، میں ان کا شکر گزار بھی ہوں جناب سپیکر، انہوں نے کہا ہے کہ Within a week فنانس اس کی Releases کر دیں لیکن میں احتیاطاً کہہ رہا ہوں کہ اس میں آپ ہمیں دو یا تین Weeks دیدیں چونکہ وہ فنانس، جب فنانس سے Releases ہونگی، میرے دفتر سے یا چیف منسٹر صاحب کے دفتر سے ایک دن بھی کوئی فائل لیٹ نہیں ہوئی، اگر آپ کی فائل میں نے دس تاریخ کو بھیجی ہے تو گیارہ تاریخ کو چیف منسٹر کے اس پر Signature موجود ہیں تمام فائلوں پر۔ یہاں پر لمبا چوڑا کوئی Process نہیں ہے۔ ہم کوئی لیٹ نہیں کررہے ہیں، یہ بات ضرور ہے، ایک دو Steps ضرور ہیں لیکن ہم اس کو Within three week time اگر ہمارے پاس DDC کی Approval آجاتی ہے تو ہم Within three week time یہاں سے اس کو Release کردیں گے انشاءاللہ تعالیٰ۔ سب سے میں معذرت کے ساتھ عرض کرونگا کہ پچھلے سال کی چونکہ بہت سے ہمارے ایم پی ایز نئے تھے اور ایک ایک سکیم، میرے پاس یہ ریکارڈ موجود ہے، جو چار چار دفعہ انہوں نے اپنی سکیمیں دی ہیں اور چونکہ ڈی ڈی سی کے اندر اس وجہ سے Discuss کرنا ضروری ہوتی ہیں، ہو سکتا ہے شاید وہی سکیم Feasible نہ ہو جو پانی کی سکیم آپ دینا چاہتے ہیں، ہو سکتا ہے شاید وہی ڈسٹرکٹ اے ڈی پی میں آگئی ہو، ہو سکتا ہے شاید کسی دوسرے فنڈ سے اس کی Allocation already ہو چکی ہو۔ ہو سکتا ہے شاید وہ اے ڈی پی کے اندر Reflect ہوگئی تو ساری چیزوں کی وہاں پر جانچ پڑتال ضروری ہوا کرتی ہے۔ اس حوالے سے میں یہ چاہ رہا ہوں کہ اگر ڈی ڈی سی سے آپ کی یہ ساری Approvals ہمارے پاس آجائیں تو ہم آپ کو، Within three weeks یہ پیسے ڈی سی او کے اکاؤنٹ میں ہونگے۔ میں ایک بات کی اور بھی وضاحت کرتا چلوں کہ اس سے پہلے جو آپ Changes کرتے تھے، جو اس میں تبدیلی لاتے تھے، بہت سے دوستوں نے اس میں Mind change کیا ہے اور آج ڈی ڈی سی سے Approval ہوگئی اور پھر آپ اس میں تبدیلی کرتے ہیں تو پھر دوبارہ ہمیں ایک نیا Process کرنا پڑا اور بعض اراکین اسمبلی کے ہم نے پانچ پانچ دفعہ وہ سارا Process کیا اور اس پر وہ Hard working ہوئی لیکن اس کیلئے بھی میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ وہ ڈی سی او کے پاس جاکر اپنی سکیم، لیکن میری اس سے گزارش یہ ہے

کہ ایک دفعہ سے زیادہ آپ سکیم کے اندر تبدیلی نہیں کر سکیں گے کیونکہ بار بار آپ تبدیلی کریں گے، اس میں پھر Complications ہونگی۔ اگر آپ ایک دفعہ تبدیلی کرنا چاہیں تو وہ ڈی سی او کے پاس جا کر تبدیلی کرلیں، اس کو دوبارہ پراسس کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور وہ ہمیں Notify کر دیں گے، ڈی سی او کہ ہم نے اس سکیم کے اندر تبدیلی کرلی ہے لیکن اس کو بار بار، پلیز میری آپ سے گزارش ہے کہ اس کے اندر زیادہ Complications ہونگے اگر بار بار آپ تبدیلی کریں گے۔ اس حوالے سے میں آپ سے پھر کہتا ہوں کہ کسی کو اگر کوئی مشکلات درپیش ہیں تو آپ مجھ سے Contact کریں اگر مجھ سے کوئی Contact نہیں کر سکتا تو آپ سپیکر صاحب سے Contact کریں، سپیکر صاحب مجھے Communicate کر دیں گے۔ آپ کی مشکل کو انشاءاللہ تعالیٰ ہم حل کریں گے۔ چونکہ یہ آخری سیشن نہیں ہے اس کے بعد پھر ہم نے بیٹھنا ہے، اگر آپ کے مسئلے حل نہیں ہوتے تو پھر اٹھ کر بات کر سکتے ہیں لیکن آپ کے مسائل حل کرنے کے سلسلے میں جناب سپیکر، ہماری نیت بالکل صاف ہے اور۔۔۔

جناب سپیکر: تھوڑا سا پلے گراونڈ کی Improvement کے لئے اور پلے گراونڈ کی زمین خریدنے کے لئے اگر آپ۔۔۔

وزیر بلدیات: پلے گراونڈز کیلئے، دیکھیں جی، پلے گراونڈ کی Improvement کیلئے۔۔۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز۔

جناب پیر محمد خان: پی اینڈ ڈی کی بات کریں کہ پی اینڈ ڈی کا کیا رول ہے؟ یا اس کو ختم کریں۔ سب سے بڑی مشکلات تو پی اینڈ ڈی والے بنا رہے ہیں۔ (شور)

وزیر بلدیات: جناب سپیکر! بہت سی مشکلات، بہت سے محکمے آپس میں Inter link ہیں، پی اینڈ ڈی کا رول، فنانس کا رول، اے جی آفس کا رول اور سٹیٹ بینک کا رول یہ اپنی اپنی جگہ لیکن اس سارے Process کو چیف منسٹر صاحب کی ہدایات کی روشنی میں، انہوں نے سختی سے ہدایات دی ہیں، اے جی آفس کو بھی، انہوں نے پی اینڈ ڈی کو ہدایات ابھی حال ہی میں دی ہیں، انہوں نے فنانس کو بھی دی ہیں کہ کم از کم باقی کوئی بھی پراجیکٹ ہو، کوئی بھی ڈائریکشن ہو لیکن میں تعمیر سرحد کے حوالے سے کسی بھی تساہل اور کسی بھی کاہلی کو برداشت نہیں کرونگا اور ان کے خلاف سخت قسم کے ایکشن لئے جائیں گے (تالیاں) اور جہاں تک پلے گراونڈ کی

Repairکااوراس کے Bettermentکااور پارک کا تعلق ہے تواس سلسلے میں بھی ہم آپ کواجازت دیتے ہیں کہ اس سلسلے میں بھی آپ کر سکتے ہیں اور۔۔۔۔

جناب خلیل عباس خان: خبره دا ده جی چه زمکه وی نو هغے باندے به، زمونږه هیڅ ضرورت نشته، مونږه نه پویلیئن جوړوو، نه ټیرس جوړوو او نه پرے بلډنګ جوړوو۔ هیڅ هم پرے نه جوړوو جی، خو چه زمکے نه وی نو مونږه به څه کوؤ ؟

وزیر بلدیات: اگر زمین کی خریداری کے سلسلے میں آپ بہت زیادہ مصر ہیں، آپ جناب سپیکر صاحب کے پاس آئیں، ہم بیٹھ کر اس کو Discuss کر لیتے ہیں Detail میں۔ اس کی تمام Complications کا ہم جائزہ لے لیتے ہیں، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ ناگزیر ہیں تو پھر اس پر بات کر کے ہم اس مسئلے کو Settle کر لیں گے۔

جناب سپیکر: شکریہ، تھینک یو۔

جناب حامد علی شاہ: جناب سپیکر! جناب سپیکر!

Mr. Speaker: The sitting is adjourned till 10.00AM, tomorrow morning.

(اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 17 مارچ 2004 صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)